یونیورسٹی آف نارووال

نیلام عام (کمرشل بلاک کی دکانیں)

یونیورسٹی آف نارووال کے کمرشل بلاک میں واقع دکانوں کی نیلامی مجاز اتھارٹی کی منظوری سے آکشن کمیٹی کے ذریعے منعقد کی جارہی ہے۔ دکانوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

Sr.	Description of Space	Size	Proposed item/Shop etc	Rent Per Month	10% Bid Security
A)	**Ground Floor**				
1	Double Height 2	40`.6`` x 19`.10 ½ ``	Pizza Point	10,000/-	12000/-
2	Shop 1	12`-2``x 19`-10 ½ ``	Fresh Flower	2,000/-	2400/-
3	Shop 3	12`-2`` x 19`-3``	Handicrafts	2,000/-	2400/-
4	Shop 4	12`-2`` x 19`-10 ½ ``	Students Arts sale point	2,000/-	2400/-
5	Shop 5	19`.10`` x 19`.3``	Podcast Studio	4,000/-	4800/-
6	Shop 8	19`.10 ½ `` x 19`.10 ½ ``	University merchandise shop	4,000/-	4800/-
7	Shop 9	19`.11`` x 19`.3``	Pizza Point	4,000/-	4800/-
8	Shop 10	19`.11`` x 19`.3``	Juice Corner	4,000/-	4800/-
9	Shop 11	19`.11`` x 19`.3``	Ice Cream Parlour	4,000/-	4800/-
10	Shop 12	19`.11`` x 19`.3``	Coffee Shop	4,000/-	4800/-
11	Shop 13	30`-1 ½ ``x 19`-10 ½ ``	Mini Mart	8,000/-	9600/-
12	Shop 14	19`.10`` x 19`.3``	Photocopy / Thesis Binding	4,000/-	4800/-
13	Shop 15	19`.10`` x 19`.3``	Stationery /Book Shop	4,000/-	4800/-
14	Shop 16	12`-2`` x 19`-10 ½ ``	Pharmacy	2,000/-	2400/-
15	Shop 17	12`-2`` x 19-3``	Organic Herbal	2,000/-	2400/-
16	Shop 19	12`-2`` x 19`-10 ½ ``	Optics & Watch Store	2,000/-	2400/-
B)	**First Floor**				
17	Shop 20	12`. 2`` x 19`. 10 ½ ``	Perfumes Shop	2,000/-	2400/-
18	Shop 21	12`. 2`` x 19`. 3 ``	Abaya & Scurf Shop	2,000/-	2400/-
19	Shop 22	12`. 2`` x 19`. 3 ``	Cosmetics Shop	2,000/-	2400/-
20	Shop 23	12`. 2`` x 19`. 10 ½ ``	Jewllery Shop	2,000/-	2400/-
21	Shop 24	19`.10``  x 19`.3``	Female Boutique	4,000/-	4800/-
22	Shop 25	19`.10`` x 19`.10 ½ ``	Indoor Gaming Zone Female	4,000/-	4800/-
23	Shop 26	19`.11``  x 19`.10 ½ ``	Female Boutique	4,000/-	4800/-
24	Shop 27	19`.11``  x 19`.10 ½ ``	Male Boutique	4,000/-	4800/-
25	Shop 28	19`.10`` x 19`.10 ½ ``	Indoor Gaming Zone Male	4,000/-	4800/-
26	Shop 30	12`. 2`` x 19`. 10 ½ ``	Laundry Shop	2,000/-	2400/-
27	Shop 31	12`.2``  x 19`.3 ``	Tailor Shop	2,000/-	2400/-
28	Shop 32	12`.2``  x 19`.3 ``	Mobile Shop	2,000/-	2400/-
29	Shop 33	12`. 2`` x 19`. 10 ½ ``	Laptop / Computer Shop	2,000/-	2400/-

خواہشمند حضرات / پارٹیاں مقررہ تاریخ اور وقت پر بولی میں حصہ لے کر اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ بولی شروع ہونے سے قبل لوکیشن کے سامنے درج کردہ رقم بطور زرِ زمانت جمع کروانی ہوگی۔ زرِ زمانت بصورت CDR بنام، Treasurer, UON جمع کروانی ہوگی۔ نقد رقم زرِ زمانت جمع نہ ہوگی۔ جو کہ ناکام بولی دہندگان کو نیلامی کے اختتام پر واپس کر دی جائے گی۔ البتہ کامیاب بولی دہندگان کی زرِ زمانت کی رقم معاہدہ طے پایا جانے تک یونیورسٹی کے پاس رہے گی۔ یونیورسٹی آف نارووال کا کوئی ملازم بولی میں حصہ نہ لے سکے گا۔ نیلامی کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی بولی کو بغیر وجہ بتائے مسترد / منظور کر دیں۔ شرائط دفتر سیکریٹری، نیلامی کمیٹی سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ٹھیکہ میں حصہ لینے والے بولی دہندہ کئے لیے لازم ہوگا کہ وہ FBR سے انکم ٹیکس میں رجسٹرڈ ہو اور گورنمنٹ کی طرف سے نافظ کردہ ٹیکس اور فیسز ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا نیز بولی دہندگان اپنے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل ہمراہ لائیں دوکانوں کی نیلامی مورخہ **18 نومبر بوقت دن 12 بجے** ہوگی۔ بحر حال بولی کے لیے رجسٹریشن دو گھنٹہ قبل شروع ہو جائے گی جو کہ بولی سے 15 منٹ پہلے بند کر دی جائے گی۔

سیکریٹری نیلامی کمیٹی، یونیورسٹی آف نارووال

ایڈریس: شکر گڑھ روڈ نارووال، نارووال رابطہ نمبر: 0542-920050

یونیورسٹی آف نارووال

کمرشل بلاک کی دکانوں کی نیلامی کے شرائط وضوابط

عمومی معلومات(General Information)

1. یونیورسٹی آف نارووال کمرشل بلاک میں واقع دکانوں کو نیلامی کے ذریعے الاٹ کرنا چاہتی ہے۔
2. نیلامی **آکشن کمیٹی** کی نگرانی میں منعقد کی جائے گی، جو مجاز اتھارٹی (Competent Authority) کی منظوری سے تشکیل دی گئی ہے۔
3. تمام نیلامی کے بعد کے معاملات، کارروائی اور شفافیت کو Supervisory Committee **اپنے دائرہ اختیار کے مطابق** مانیٹر کرے گی۔
4. تمام دلچسپی رکھنے والے افراد / فرمز کو درج ذیل شرائط وضوابط کے مطابق نیلامی میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

نیلامی کا شیڈول

1. **تاریخ ووقت :** مورخہ 18 نومبر 2026 دوپہر 12:00 بجے
2. **مقام :** سیمینار روم، یونیورسٹی آف نارووال
3. مقررہ وقت کے بعد کسی بولی کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

شرکت کے قواعد

1. بولی دہندگان اپنے **اصلی شناختی کارڈ** (CNIC) کے ساتھ ایک **کاپی** لازمی جمع کروائیں۔
2. ہر بولی دہندہ کو **سیکیورٹی رقم (قابلِ واپسی)** روپے **10٪ سالانہ کافی دکان** یونیورسٹی آف نارووال کے نام پے آرڈر یا ڈیمانڈ ڈرافٹ کی صورت میں جمع کروانی ہو گی۔
3. رجسٹریشن نیلامی کے آغاز سے **ایک گھنٹہ قبل** شروع ہو گی اور **پندرہ منٹ قبل** بند کر دی جائے گی۔
4. صرف رجسٹرڈ امیدواروں کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت ہو گی۔

نیلامی کا طریقہ کار

1. نیلامی **"جیسا ہے، جہاں ہے"** (As is, where is) کی بنیاد پر کی جائے گی۔
2. سب سے زیادہ بولی کو **مجاز اتھارٹی (Competent Authority) کی منظوری** سے مشروط طور پر قبول کیا جائے گا۔
3. آکشن کمیٹی کسی بھی یا تمام بولیوں کو **بغیر وجہ بتائے مسترد کرنے کا اختیار** رکھتی ہے۔
4. اگر دو یا زیادہ بولی دہندگان کی بولی برابر ہو، تو انہی کے درمیان دوبارہ بولی لگائی جائے گی۔
5. کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کے فوراً بعد بولی شیٹ پر دستخط کرنا ہوں گے۔
6. **آکشن کمیٹی** نیلامی کے پورے عمل پر نظر رکھے گی اور کسی بھی بے ضابطگی یا شکایت کی رپورٹ مجاز اتھارٹی کو دے گی۔

ادائیگی کی شرائط

1. کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی رقم کا **25٪ حصہ** اسی دن بذریعہ ڈپازٹ سلپ / کراس چیک جمع کروانا ہو گا۔ جمع نہ کروانے کی صورت میں 10٪ سیکورٹی رقم ضبط کی جائے گی۔
2. باقی **75٪ رقم پندرہ (15) ورکنگ دنوں** کے اندر جمع کروانی ہو گی۔
3. مقررہ مدت میں مکمل رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں جمع شدہ رقم **ضبط (Forfeit)** کر دی جائے گی اور دکان دوبارہ نیلام کی جائے گی۔
4. تمام ادائیگیاں صرف **پے آرڈر یا ڈیمانڈ ڈرافٹ** کی صورت میں یونیورسٹی آف نارووال کے نام پر قابلِ قبول ہوں گی۔ بحر حال ایڈوانس 25٪ بذریعہ ڈپازٹ سلپ / کراس چیک ہی جمع ہو گا
5. الاٹی کو کرایے کی رقم کا 10٪ بصورت پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ / CDR یونیورسٹی کو گارنٹی کے طور پر جمع کروانا ہو گا۔ جو کہ معاہدے کے اختتام پر سپر وائزری کمیٹی کی (satisfaction report) پر واپس کر دیا جائے گا۔

الاٹمنٹ اور قبضہ

1. دکان کا قبضہ صرف مکمل رقم کی ادائیگی کے بعد دیا جائے گا۔
2. الاٹمنٹ **غیر منتقلی (Non-transferable)** ہو گی۔
3. کامیاب اور سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ یونیورسٹی آف نارووال کے ساتھ باضابطہ معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا، اور یہ معاہدہ 0.25 فیصد مالیت کے ای-اسٹیمپ (E-Stamp) پیپر پر تحریر کیا جائے گا۔
4. الاٹی اپنے تمام ملازمین کی تفصیلات یونیورسٹی کو فراہم کرے گا۔ اور تمام ملازمین کے پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ اور ہیلتھ سرٹیفکیٹ بھی فراہم کرے گا۔
5. دکان صرف **تجارتی مقاصد** کے لیے استعمال کی جاسکتی ہے جیسا کہ یونیورسٹی نے اجازت دی ہو۔
6. دکان کو آگے **کرایہ پر دینا یا غیر قانونی سرگرمیوں** کے لیے استعمال کرنا سختی سے منع ہے۔

مدت اور کرایہ

1. الاٹمنٹ کی مدت **01 سال** ہو گی، جو باہمی رضامندی اور مجاز اتھارٹی کی منظوری سے بڑھائی جاسکتی ہے۔
2. اگر معاہدے کی مدت کو بڑھایا جاتا ہے تو مجاز اتھارٹی کی اجارت سے نیا کرایہ طہ پائے گا۔ جس کی 10٪ گارنٹی بھی دوبارہ جمع کروانی ہو گی۔
3. کسی بھی ایمرجنسی / سمرووکیشن / یا کسی بھی اور چھٹی کی صورت میں یونیورسٹی کسی بھی قسم کی برپائی کی ذمہ دار نہ ہو گی۔

دیکھ بھال اور یوٹیلیٹی

1. دکان کی صفائی اور دیکھ بھال کی ذمہ داری الاٹی پر ہو گی۔
2. تمام یوٹیلیٹی بلز (بجلی، پانی وغیرہ) الاٹی خود ادا کرے گا۔
3. دکان میں کسی قسم کی ساختی تبدیلی بغیر یونیورسٹی کی تحریری اجازت کے نہیں کی جاسکتی۔

4. معاہدے کے اختتام پر الاٹی اس چیز کو یقینی بنائے گا کہ جس حالت میں اس نے جگہ حاصل کی تھی اسی حالت میں یونیورسٹی کو واپس کرے گا۔
5. دکاندار کسی بھی وبائی بیماری جیسے کے کروناوائرس کے تمام SOPs کا لازماخیال رکھے گا۔

منسوخی اور ضبطگی

1. کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں الاٹمنٹ منسوخ کر دی جائے گی اور جمع شدہ تمام رقم ضبط کر لی جائے گی۔
2. یونیورسٹی کسی بھی وقت نیلامی کو **ملتوی یا منسوخ** کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔
3. یونیورسٹی یا الاٹی 30 دن کے نوٹس سے معاہدہ منسوخ کر سکتے ہیں۔

قانونی دائرہ اختیار

1. کسی بھی تنازع کی صورت میں **وائس چانسلر، یونیورسٹی آف نارووال** کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا۔
2. تمام قانونی کاروائیاں **ضلع نارووال کی عدالتوں** کے دائرہ اختیار میں آئیں گی۔
3. **سپروائزری کمیٹی** اشیاء کی قیمتوں کو مانیٹر کرے گی۔
4. **دوکاندار سپروائزری کمیٹی** کے فراہم کردہ اوقات کار اور دیگر ہدایات پر عمل کرنے کے پابند ہونگے۔
5. **سپروائزری کمیٹی** / یوٹیلائزیشن کمیٹی یونیورسٹی آف نارووال کمرشل ایریا اور کیفیٹیریا اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ یوٹیلیٹز کی سہولیات الاٹی کو بروقت مہیا کی جائیں تاہم بجلی اور گیس کی فراہمی گیپکو اور SNGPL کی سپلائی سے مشروط ہونگی۔
6. کسی بھی سرکاری ادارے، فوڈ اتھارٹی، یونیورسٹی آف نارووال، سپروائزری کمیٹی / مجاز اتھارٹی (کمپیٹنٹ اتھارٹی) یا کسی دوسرے سرکاری ادارے کی طرف سے کسی بھی قسم کا جرمانہ عائد کیے جانے کی صورت میں، ٹھیکیدار حکام کی طرف سے عائد کردہ ہر قسم کا جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔